مقالاتِ حکمت

جلد بست و پنجم ۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

# مکشوفاتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

# مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتَّقْسِيْمِ وَالتَّوْزِيْعِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لانتفاعِ و النفع

لِجَمِيْعِ اُمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

لمرضات اللہ تعالٰی و رسولہ الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آمین

مؤلف : ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

یا حی — یا قیوم

ما شاء الله لا قوة الا بالله اللهم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی
وعلی آله واصحابه وعترته بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنة عرشک ومداد کلماتک استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم واتوب الیه یا حی یا قیوم

# جلد بست وپنجم ۲۵

طبع ———— اوّل

مطبع ———— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ———— المستفیض دارالاحسان، فیصل آباد

## مقامِ اشاعت

المقام النّجاف الصّحاف المقبول المصطفینؑ ◎ دارُالاِحسان

المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر۔ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان
فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حیُّ
یا قیُّوم

# کتاب النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللهم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ وبعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ هٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَکِّیِّ الْمَدَنِیِّ التِّهَامِیِّ الْحِجَازِیِّ الْاَبْطَحِیِّ صَاحِبِ الْقَضِیْبِ وَالنَّاقَةِ وَالتَّاجِ وَالْکَرَامَةِ صَاحِبِ شَهَادَةِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰی مُتَصَرِّفِ الدَّارِ وَالدِّیَارِ وَالزُّوَّارِ وَالْعُمَّارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ ○
اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ یَّکُنْ طَارِقًا مُّوْلِیًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ مُقْتَحِمًا
فَاتْرُکُوْا حَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا اَحَدٌ مِّثْلَ اللّٰهِ وَلَا شَیْءَ سِوَی اللّٰهِ وَبِسْمِ اللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَی اللّٰهِ اَتَوَکَّلُ
حَامِلُ کِتَابِیْ هٰذَا فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِهٖ وَفِیْ کَنَفِهٖ وَفِیْ سِتْرِهٖ اَیْنَ مَا کَانَ وَحَیْثُ مَا تَوَجَّهَ لَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا تُفْزِعُوْهُ وَلَا
تُضَارُّوْهُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّنَائِمًا وَّلَا فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا فِیْ یَوْمٍ وَّلَا فِیْ نَهَارٍ وَّلَا فِیْ بَرٍّ وَّ
لَا فِیْ بَحْرٍ وَّکُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَامِلِ کِتَابِیْ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاَدْبِرُوْا عَنْهُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ ۔ بِاللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ غَالِبٌ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ اَعْلٰی مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الثَّقَلَیْنِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ کِتَابِیْ هٰذَا ۔ بَلْ مَنْ عَلَّقَ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ
عَلٰی سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یَغْلِبُهٗ شَیْءٌ وَّلَا یَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ ۔ فَاُعِیْذُهٗ
بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْعَیْنِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَالْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّکُ وَالْکُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ فِی
اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ حُمِلَ بِهٖ عَرْشُ بِلْقِیْسَ اِلٰی سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ
السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْهِ طَرْفُهٗ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَزَلَ بِهٖ جِبْرَائِیْلُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
هُوَ مَکْتُوْبٌ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِیْذُهٗ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ سَمَّاهُ بِهِ السَّحَابَ الثِّقَالَ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِکَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ وَ
بِالْاِسْمِ الَّذِیْ تَجَلّٰی بِهِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ کُتِبَ بِهٖ عَلٰی وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ
وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰی بِهِ الْخِضْرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَی الْمَاءِ فَلَمْ یَبْتَلَّ قَدَمَاهُ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَطَقَ بِهٖ عِیْسٰی وَهُوَ ابْنُ مَرْیَمَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَّاَبْرَءَ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَحْیَی الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَجّٰی بِهٖ یُوْسُفَ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ اِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نَّارِ نَمْرُوْدَ حِیْنَ اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ
یُوْنُسُ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ فُلِقَ بِهِ الْبَحْرُ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ وَجُعِلَ کُلُّ فِرْقٍ کَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ وَاُعِیْذُهٗ بِتِسْعِ
اٰیَاتِ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِیْنَآءَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّکُلِّ اُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّاَلْسُنٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَیْدٍ
بَاطِشَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ فِیْ صُدُوْرٍ خَاوِیَةٍ وَّاَنْفُسٍ کَافِرَةٍ وَّمِنْ کُلِّ مَنْ یَّعْمَلُ عَمَلَ السُّوْءِ وَمِنْ سُوْءِ شَرِّ التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَ
مَنْ فِی الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَسَاکِنِ الْاٰجَامِ وَسَاکِنِ الْبِحَارِ وَسَاکِنِ ضِیْقِ الظُّلَمِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ
وَجُنُوْدِهِمْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ وَّسَاکِنٍ وَّسَاکِنَةٍ وَّتَابِعٍ وَّتَابِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّهِمْ وَشَرِّ اٰبَائِهِمْ
وَاُمَّهَاتِهِمْ وَاَبْنَائِهِمْ وَبَنَاتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ وَعَمَّاتِهِمْ وَخَالَاتِهِمْ وَقَرَابَتِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِدِ وَالْمَعَرَّةِ وَالطَّیَّارَاتِ وَمِنْ شَرِّ
سَاکِنِ الْجِبَالِ وَالتُّرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَالرِّیَاضِ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ یَّسْکُنُ فِی الظُّلُمَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ یَّسْکُنُ فِی الْعُیُوْنِ وَمَنْ یَّمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ وَیَکُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِیْ وَالْوُحُوْشِ وَیَسْتَرِقُ السَّمْعَ وَمَنْ اِذَا قِیْلَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَذُوْبُ کَمَا یَذُوْبُ الرَّصَاصُ وَالْحَدِیْدُ عَلَی النَّارِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَکُوْنُ فِی الْاَرْحَامِ وَالْاٰجَامِ وَالْاٰطَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنَ الْخَطَرِ وَالنَّظَرِ وَالْکِبْرِ هَیًّا شَرًا هَیًّا مَهْلًا ۔ اللّٰهُ هُوَ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ بَاغِیَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ عَفَارِیْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ
کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ غَادٍ وَّرَائِحٍ وَّمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الرِّیَاحِ مِنْ عَجَمِیٍّ وَّفَصِیْحٍ وَّنَائِمٍ وَّیَقْظَانَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَتَضُمُّ اِلَیْهِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الْاَرْضِ وَسَاکِنِ الزَّوَایَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّصْنَعُ الْخَطِیْئَةَ وَیُوْلَعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا

یاحیُّ ماشاءَ اللہُ لاقوۃَ اِلّا باللہِ یاقیّومُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ علیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ
اَسْتَغْفِرُاللہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

۱۱۹۰۰

دِل کا حال کوئی کیونکر جان سکتا ہے؟

اللہ اللہ اللہ

نہ مُنکر نہ نِکیر، اللہ ہی جانے کِس حال میں کیونکر
گُزران کرتے ہیں!
جب ترک کی نوبت آتی ہے، بحال ہوجاتے ہیں۔
بے بسی کے عالم میں کچھ بھی نہیں کرتے،
اللہ ہی کی طرف مُتوجّہ رہتے ہیں۔

یاحیُّ یاقیّوم
الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۹۰۱

آفیسر کا مطلب ہے کسی دفتر کا رُکن !

یاحیُّ یاقیوّم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۹۰۲

پہلے اپنے گھر کو لُٹا،
پھر کسی اور طرف آ۔
اِسے تسخیر کہتے ہیں ! یاحيّ یا قيوّم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۹۰۳

کیا لینے آئے ہو اور

کیا لے کر آئے ہو ؟
جنّت پہ تو کوئی دسترس نہیں رکھتا،
دوزخ کا اِیندھن تیار ہے !"

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۹۰۴

"تیرے اَمر سے دوزخ میں جانا
کِسی بھی طرح جنّت سے کم نہیں!"

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۱۹۰۵

” بندے بنتے رہیں گے اور مَرتے رہیں گے،
تیری رحمت کا یہ فیض سدا جاری رہے گا
حتیٰ کہ اِسرافیل صُور پھُونکے “

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۹۰۶

جب دوزخ کی طرف جانے لگے،
دُھوم مچ گئی۔ دندنا کر بولے :

شیخ المنصوبین

وعدے پورے کر کے جائیں گے

ملامت کی قبا کو دھو کر

اُجلا کر کے جائیں گے۔

ماشآءَ اللہ اھلاً وّ سھلاً

مبارکاً مکرمًا مشرفاً

## اِس کلام میں عقل کو کوئی دخل نہیں!

یا حَیُّ یا قَیُّوم

الحمد للحی القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۰۷

کلام و خیال سے وہم پیدا ہوتا ہے،

اللہ سے گمان اُن سب کو کھا جاتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم　فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۰۸

روزے کا نور روزہ دار کی
نشاندہی کرتا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۰۹

نہ رشوت لیتے ہیں نہ زنا،
اِس حال میں گزران ہوتی ہے، تکلّفات نہیں!

تکلّفات ——— عین تکلیف

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۰

روایاتِ کہنہ تیری آبرو کی پاسبان تھی ،

منصّۂ شہود پہ لا !

وہی آب ، وہی تاب ، ماشاءاللہ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۹۱۱

میں وحدت ہوں ،

کائنات ـــــ میرا شہود !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۱۹۱۲

تیری شان کے شایاں الفاظ نہیں ملتے۔
چُپ ہیں — اے او نورِ مُکمّل، کائنات کی
تخلیق کا مُدّعا تُو ہی تو ہے!

جب بھی کسی نے پُکارا
جب بھی کسی دِل میں اُترا
بحال کر گیا
مالا مال کر گیا
بوستان بن گیا
داستان بن گیا

تمنّا تھی، کر نہ سکے۔ آخری یہ کہ سَر کے
بَل چلتا ہُوا جان کا ہدیہ پیش کروں۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ لغیوا فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۳

اے او مُسافر، بحر و بر کے کِیل کانٹے تیری راہ کو
روک نہ سکے یہانتک کہ سمندر نے تیرا
اِستقبال کیا اور تُو دندناتا ہُوا آگے ہی
بڑھتا رہا۔

اسے انسانی معراج کہتے ہیں !

کہیں بھی ہو، رُوح حاضر رہتی ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۴

اگر خانقاہی نظام میں کوئی کسر باقی

ہو تو بتا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۵

غُربا کا بھی کوئی خاندان ہوتا ہے!
غُربا ہی کی بدولت اُمرا بنا کرتے ہیں۔
غریب بیچارے کی کوئی ہستی نہیں ہوتی،
ہر ہستی کو بنانے والا ہوتا ہے۔!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۶

تیرا حال قال کے مطابق نہیں،
قال بے چارہ کیا کرے!

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۷

ہجرت تام ـــــ نُصرت دوام
یہی اِیمان کا کلام! یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۸

"تجھ پہ موت کے اَسرار وارد ہوتے رہتے ہیں۔
مُطمئن رہ، برکات کا نزُول ہوگا، ماشاءاللہ!
اور اِس منزل کو معمُولی مت جان!"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۱۹

سَنت بنے، مہنت بنے اور میرے
آقا روحی فداہ صلّے اللہ علیہ وسلّم کے نوُر کی چمک
پاکر سُورج کے مِصداق بنے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۲۰

ستره ۱۷ سالہ بچپن میں احرام باندھ کر سجدہ کیا۔ پھر
اپنی کتاب پڑھی اور ہستئ دہر کی سیر پہ گامزن ہُوا۔

صدی گزُرنے پہ آئی ، قصد اور عزم جُوں کا توُں۔
پُوری آن و شان سے کمر بند رھا۔
، بچکولے اِسے اکھاڑ نہ سکے۔ موجیں اُٹھیں ،
گرداب سے ہمکنار ہوئیں ـــ جوشِ عمل فنا نہ ہُوا۔
یہی ابتدا تھی ، یہی انتہا !
اِنتہا پاکر مُسافر نے ایڑ لگائی۔ سفر پہ گامزن ہُوا
اور کہے جا رہا تھا : حوادث اسے زیر نہ کر سکے۔
سرنگوُں ہوئے اور افسردہ۔ سمندر تیرے عمل کی
کتاب کو ڈبو نہ سکا۔ پِھر پھرا کر ،

ساری کائنات کو دیکھ کر جہاں آنا تھا، آگیا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

١١٩٢١

## سُنّتِ مُطَہّرہ زِندہ بَاد

دُنیا بھر کے اعمال مل کر بھی ایک سُنّتِ نبویؐ
کی برابری نہیں کر سکتے۔
سُنّتِ مطہرہ زندگی کا مایۂ ناز نمونہ۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۹۲۲

عزم بولا : بالآخر تجھے ماننا ہی پڑے گا
اور منا کر ہی دم لوں گا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۹۲۳

دِلوں کی زِندگی
کِتابُ المُبِین میں مکنُون

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۹۲۴

## حَظِیرَۃُ الْقُدُس

یہ کسی نہ کسی مقام پہ ہر وقت جلوہ افروز رہتا ہے

"میں بادشاہ ہوں۔ میں ہی بادشاہ ہوں۔

کوئی ہے جو مجھ سے سوال کرے، میں اسکو دوں؟

کوئی ہے جو مجھے پکارے، میں اسکی پکار قبول کروں؟

کوئی ہے جو مجھ سے معافی مانگے، میں اسکو بخش دوں؟"

یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۹۲۵

میری قبا میں ایسی ایسی غیبت و بہتان کے

دھندلے داغ ہیں جو سات سمندر مل کر بھی

دھو نہ سکے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۲۶

خِرد تکتی ہی رہی،

جنُون بازی لے گیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۲۷

"I AM IN SEARCH OF

A *MAN*, NOT OF ALLAH."

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۲۸

یہ بتا، کیا تیرے لئے میں کافی نہیں؟

بلیٰ بلیٰ بلیٰ

پھر بات بات پہ کیوں اِصرار کرتے ہو؟

اِصرار میری عادت ہے، اس کے سِوا

میں رکھتا ہی کیا ہوں!

اِصرار ــــــ عبدیّت کی عبادت۔

ذرا سے دَبکے کی بھی ہم خاک نشین کیونکر

تاب لا سکتے ہیں۔؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۲۹

کائنات کی ہر شے میں تیری وحدت الوجود کا ثبوت،

اور شہود ــــــ افعال و حرکات۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۳۰

عزم بولا: مجھے موت نہیں آتی،
زندہ رہتا ہوں!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۹۳۱

نُقطے زیر و زبر بن کر پیش ہُوئے!
یہی تاریخ کی داستان۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيْم

۱۱۹۳۲

## اہلِ خدمت ـــــ مُستغنی عَنِ الاِکرام

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۳۳

## لامکاں لا محدُود ہوتا ہے ،

## مکاں ـــــ محدُود !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۳۴

## میرے آقا رُوحی فداہ صلّے اللہ علیہ وسلّم کی سفارش و

## شفاعت سے قدر بدل دی جاتی ہے یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۳۵

اللہ کی کُرسی عرش پہ ہوتی ہے،
شیطان کی کُرسی زمین پہ۔

شیطان ہر ذی رُوح کی گھات میں۔
مومن کے قلوب اللہ کی حفاظت میں!

اَللّٰہُ مَعِیْ فَاللّٰہُ خَیْرًا حَافِظًا ط

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضل العظیم

۱۱۹۳۶

خَلق کے اعمال مقدُور۔ جیسے لکھا ہوتا ہے، ہوتے ہیں۔

اِرادت ـــــ کُن فَیکُون یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العَظِیم

۱۹۳۷ء

اللہ میرا واحد ہے

محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرا شاہد ہے

وچ قبر دے ہٹّی ہونا

مزا مینوں باد اے

لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ محمّد رسول اللہ

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۳۸ء

جنّت و دوزخ تو بندوں کے اعمال ہوتے ہیں!

اللہ اور اللہ کے حبیبؐ تو تیرے ساتھ

رہتے ہیں اور پاس۔ اور کافی ہوتے ہیں۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۲۹

حَظِیرۃُ القُدُس کے اِقتباسات:

تیری عدالت کی رُوئیداد کیونکر بندوں کی سمجھ میں آسکتی ہے؟ پستی و رِفعت تیری موج پہ مبنی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۳۰

اہلِ قبُور اگر قبوُر ہی میں ہوتے،
توکیا حیاتِ جاودانی ہوتی!

---

اہلِ قبوُر ہی کی بدولت زِندوں نے زِندگی پائی۔ مُنکرِ فیض سے محروم۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۱

طُرقِ طریقت نے مِنْ وعَنْ سُنا، اِعتراض نہ کیا:

”محبّت اَمر ہوتی ہے،
مَر کر بھی کبھی نہیں مرتی“

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۲

مُدّت گزری، مَیں بے فِکر ہو کر کبھی نہیں سویا۔
ہر وقت ہر حال میں، جو قول کیا تھا طاری رہا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۳

یہاں دِل پیش ہوتے ہیں، کوئی اور
شے نہیں ۔ یہی جنگل کا دُستور ۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۴

شہر میں فِتنات ہوتے ہیں،
جنگل میں برکات ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۵

تاریخ کو مُختلف انداز میں پیش کرنے

کے لیے کیا کیا نمونے تیار کیے !
انبیائے کرامؑ اور سلف صالحینؓ کا پہلا نمبر رہا۔
بیشک ابنِ آدم کی تاریخ بڑی ہی دلچسپ ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۷۶ء

BE THOUGHTFUL

AND FORCEFUL,

NEVER UNJUST.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۷

افطاری بِنا روزہ پھبتا نہیں۔

لاکھ بھی ہوں، تو کم ہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۴۸

مدہوشی کا عالم ـــــ مُستغنی عنِ الفتوٰی

# حق صابر ولی

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۴۹

جب تیرے پاس کوئی نہیں ہوتا
کئی اور ہمنشیں ساتھ ہوتے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۹۵۰

اَلْمُهاجِرْ اِلیَ اللہ ـــــ مُستغنی عَنِ الْخَلْق

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۹۵۱

انفاق فی سبیل اللہ ـــــ زائد از ضرورت ہر شئے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۹۵۲

نظامُ الحیوٰۃ ـــــ تیرا دستورُ العمل ،
کبھی فارغ نہیں ہوتا ۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۵۳

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا
اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ (بنی اسرائیل - ٦١)

آدم کا بُت جب تیار ہُوا ، اللہ نے اپنی رُوح
پھُونکی ۔ اور آدمؑ نے تسبیح کی :

سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِیٔ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ
وَبِحَمْدِہٖ

آدمؑ کا منکر عزازیل بنا۔

آدم— اللہ کا شاہکار۔

اللہ کو دیکھنا ہے تو آدم کو دیکھ،

سیرُ الابدان

جسم کا ہر حصّہ۔ دماغ، آنکھ، کان، ناک، ہاتھ پاؤں، دِل، جگر، پھیپھڑے، تلی، ہڈّی، پسلی، گُردے، پٹھے، معدہ حتّٰی کہ ہر رگ و ریشہ اپنی اپنی جگہ محوِ کار ہے۔

طِبّ حیران ہوکر اللہ کو مان گئی۔

خالقُ البارِی نے تجھے کِس حکمت سے بنایا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۹۵۴ء

نظر ——— تیر بہدف
اِس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۹۵۵ء

کات کات کر ایک الغی بنائی
اپنے سینے پہ سجائی
اور کُل دُنیا کو دِکھائی

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمْ

۱۹۵۶

تیرا پیراہن ٹاکی ٹاکی جوڑ کر بنا۔ پُر از میل۔
دھوئے دُھل نہیں سکتا،
کوئی رنگ اِس پہ چڑھ نہیں سکتا۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۹۵۷

## ظُلم اور کُفر

مَیں نے اپنی جان پہ ظُلم کیا اور کُفر۔
تو میرا ربّ جَوّاد کریم غفور رحیم ہے،
مُجھے بخش دے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۹۵۸ء

## صحیفۂ صابریہ رحمۃ

عالمِ ناسُوت و جبرُوت و ملکُوت و لاہُوت

میں ایک ہی تو تیرا خاکروب تھا ........

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

۱۹۵۹ء

تُو نے، مشرق و مغرب کی کِن کِن نوازشات سے

نہ نوازا! یہانتک کہ فنا و بقا کی آشنائی سے

بہرہ ور کیا، ظُلم و کُفر کے دروازے بند کر دیے!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۹۶۰

لسانی قلبی رُوحی سرّی
تیرے ہی ذکر کے اَنداز ہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۶۱

یہ تیرے رَبّ کا رُوپ ہے،
جی بھر کے دیکھ!

سُبحَانَ الخَالِقِ البَارِیٔ سُبحَانَ اللّٰہِ العَظِیمِ وَبِحَمدِہٖ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۶۲ء

جب بھی کوئی مطمئن ہُوا،
ایک بات پا کر ہُوا۔
وُہی اسکی منزل، وُہی رہنما!

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۹۶۳ء

بندہ قلب کے تابع ہوتا ہے۔
جیسا قلب، ویسی حرکات!

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيم

۱۹۶۴

حضرت آدم علیہ السّلام - ایک بندہ - سے
کُل کائنات پیدا ہوئی - یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۹۶۵

ماضی کو دُہرانا میری وہ عادت شریف
ہے جو کبھی نہیں بدلی ، زندہ اور قائم رہتی ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِيمْ

۱۹۶۶

جلیلُ القدر وہ ہے جو قدر کی موافقت کرے

تم نے صرف قدر دیکھی ہے قدر کا اِحسان
نہیں دیکھا، پھر کیا دیکھا !
قدر کی موافقت کرنے والے شہ نشین تارے بنے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۱۹۶۷

"فیض کے متلاشی ! میری طرف آ
جو مانگو ، دوں گا"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۹۶۸ء

راقم الحروف نے مِن و عَن قلم بند کیا:
مخدوم صابر صاحبؒ، پیر صاحبؒ کے رُوبرو فرماتے کہ تُو میرا چھوٹا بھائی ہے۔ کبھی فرماتے تُو میرا خاص آدمی ہے۔ پھر فرماتے مَیں نے ظاہر و باطن کا حال تجھے بخشا ہوا ہے۔
اُن کے مناقب وراء الوراء !!

جب میں کلیر سے رُخصت ہونے لگا، مخدوم صابر صاحبؒ نے پیر صاحبؒ سے فرمایا: لوگ جب یہ کہیں گے کہ اِس کے پاس اب کچھ نہیں رہا، ہر شے چھِن چکی ہے، اُس وقت، میری جان، گھبرا نہ جانا! صابریؒ طریقت میں تیرا نمایاں حال ہو گا اِنشاء اللہ تعالیٰ! جب دُنیا نفرت کرنے لگے گی، اللہ کے قریب تر ہو گا اِنشاء اللہ تعالیٰ!
یہ اُن کی اَلوداعی وصیّت تھی۔

اے او راجن کے مہاراج ، تو نے سچ کہا !

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ

کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۹۶۹

باوا صاحب زہد الانبیاء فریدالدین مسعودؒ گنج شکر پاک پٹنی اکثر فرماتے : جوں جوں وقت گزرتا جائے گا ، میرے صابرؒ کا جلال جمال بنتا جائیگا

حضرت صاحب بھاگے بھاگے زائر کی طرف آئے :

" صابر صاحبؒ بُلا رہے ہیں "

وہ ہندو تھا ، نوازا گیا !

..یہاں سلام ہوتا ہے ، کلام نہیں !

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۹۷۰

بعض پنڈوں کی "ٹھک" ہوتی ۔ یعنی یہ بات کبھی نہیں کرنی ۔ مثلاً گھوڑے یا اونٹ پر بیٹھ کر گاؤں میں سے نہیں گزرنا اور ننگے سر گلیوں میں نہیں چلنا وغیرہ ۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۹۷۱

دنیا اور اس کے مشاغل بالآخر ہیچ و بیکار

ثابت ہوئے۔ یہ سُنکر دِل کی دُنیا میں سکون
طاری ہُوا۔ بتا نہیں سکتے کیا کچھ مِلا !
کبھی مَن کبھی تُو کی داستان بنی۔
تیرے جلال کی تاب نہ لاتے ہُوئے پتھّر
سنگریزے بنے۔ اور جمال کی آغوش میں کلیاں
مہکیں، مُسکرائیں اور جنگل کو مہکا گئیں۔
آخر دل ہی تو ہے، بھر آیا ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۷۲

ہَم گُنہ گار ہیں ، کوئی شک نہیں
تُو بخشنہار ہے ، اِسمیں بھی کوئی شک نہیں!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۷۳

صدر دروازے پر سُنہری حروف میں منقش ہے

سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط یاحی یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۹۷۴

صدق و صفا کی وادی کے ساتؔ دروازے ہیں۔

جب تک صدر دروازہ نہیں کُھلتا، کیونکر کوئی اس

میں داخل ہوسکتا ہے ؟ کُھلنے کا طریق بتادیا،

کُنجی تجھے دے دی، کھولو!

صدر دروازے کا خُدائی محافظ ہوتا ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۹۷۵

صِدق ایک سِحر ہے جو ہر سِحر پہ چھا جاتا ہے۔
کوئی اس کے اثر سے بچ نہیں سکتا۔

صِدق کے جوہر کو اللّٰہ نے وہ قوّت بخشی ہوئی
ہوتی ہے کہ باطل کے پرخچے اُڑا کر نام تک رہنے
نہیں دیتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۷۶

صدر دروازہ بند رہتا ہے۔ جس نے بھی اسے کھولا،
تاریخ کا اہم رُکن بنا۔ ذات و صفات سے مُبرّا۔
اسے کھول کر طریقت کی جان میں جان آئی۔
مُتحیّر تھی، انداز بدلنے لگی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۷۷

اے او راجن کے مہاراج!

تیرا کلام مکنُون ہے،

اِدراک سے ورار الورار۔

اِسی طرح فیض۔

یا فیض البرکات! بارہا دیکھا، عقل ششدر رہی، سجدہ ریز ہوئی۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذُوالفضل العظیم

۱۹۷۸

خاکروب بن کر

صحرانوردی کو خُوب نبھایا،

بڑا اِحسان فرمایا!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۷۹ء

صابری طریقت کا منبع تُو ہی تو ہے،
تیری مِثال نہیں ملتی !
تُجھے خوش کرنے کے لیے اللہ کی قدر
مُنتظر رہی ! یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۹۸۰ء

اللہ اور بندہ میں یہ فرق ہے کہ اللہ نے
بندے کو اپنے ہاتھ سے بنایا اور بندہ
اللہ کی مرضی کے خِلاف کام کرتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۹۸۱

بائیں طرف دِل ہوتا ہے۔ آنکھ بِلا جھپکے ٹکا کر دیکھنا تقدیر بدل دیتا ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۸۲

کیا وہ ربّ ہے جو تقدیر بدلنے پہ قدرت نہ رکھتا ہو؟ جب چاہے، بدل دے۔ اور ایسا ہر روز ہوتا ہے۔ اگر ایسے نہ ہوتا، رب کیونکر کہلاتا؟ منکر طعنے دیتے: تیرے ربّ نے تیری فریاد کیوں نہ سُنی! یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۹۸۳

تیری بے پروائی اور بندوں کی لاپروائی ہی
کی بدولت جنّت و دوزخ مرتب ہوتے ہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۹۸۴

میرے ربّ کے بیشمار نام ہیں،
عظیم و علی دو بر تر
جو رکوع و سجود میں پڑھے جاتے ہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرّازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيم

۱۱۹۸۵

آنکھ کی پُتلی ہیں ظاہر و باطن عیاں بھی،
مستور بھی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۹۸۶

نہ طمع کرتے ہیں نہ جمع۔
یہی خانقاہی نظام کا دستور!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمْ

۱۱۹۸۷

بندے کا اپنے جُرم کا اِقرار کر لینا
اور

تیرا بخش دینا، اے میرے بادشاہ !
تیری وہ ازلی عادت ہے جو کبھی نہیں
بدلی، ابد تک رہے گی۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَنَا عَبْدٌ
مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ وَاَنْتَ رَبِّیْ ذُوالْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ فَاعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِیْمٌ
یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ آمین

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فالله خیر الرّازقین

وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۹۸۸

نہ دریاؤں میں روانی رہی، نہ موجوں میں طُغیانی۔
کسی مَنبع سے دریا بہا تا کہ اُبھرتی ہوئی موجیں دلکش
نظّارے پیش کر سکیں! ابرِ نیساں برسا
کہ موتی باہر نکلیں! یا حییّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۸۹

ایک معصوم یتیم بچّے کو دفتری بنانے کے
لیے نامزد کیا۔ حسد کی بنا پر نہ بیچارے
کو گھر کا رہنے دیا نہ ہبرا! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۹۰

یا رحمۃً للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم !

اٹھارہ ہزار عالم تیری رحمت کے آغوش میں پل

اور چل رہا ہے ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۱۹۹۱

یہ سونا نہیں ، ملمّع ہے ،

ذرا سا رگڑا ، پیتل بن گیا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۲

ہر بندے کے اندر ربّ رہتا ہے

جب چلمن سرکا دیتا ہے،
نظر آنے لگتا ہے۔

اُس وقت اُس کا کلام
ربّ کا کلام ہوتا ہے۔

دیکھنے والی چیز تو
تیرے ربّ کا شہود ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیمِ

۱۹۹۳

# کُفر اور شرک دِین سے بیزار

اگر کُفر نہ ہوتا، مومن کیونکر بنتا؟
کُفر و شرک زندگی کے وہ جُزوِ اعظم ہیں
جن کے بغیر کوئی مومن بن سکتا ہی نہیں۔

جب کُفر اور شرک سے کُلیتاً بیزار ہُوا،
مومن بنا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۴

اللہ سے مِلانے والا وَاصِلْ بِاللہ ہوتا ہے،
مُشرِک نہیں! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۵

صرف یہ یاد ہے اور یہ ناز ہے کہ بچپن میں
مجھے احترام باندھا، اور
یہ حق الیقین ہے کہ احترام کبھی باطل نہیں ہوتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۶

احترام دو اُصول پہ مَبنی :
دُنیا سے بے رَغبت
ربّ کی طرف راغِب

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۹۹۷

تاریخ شاہد ہے بندہ کسی مقبول
بندے سے مِل کر ہی واصل باللہ
ہوتا ہے، ورق گردانی سے نہیں۔ شاہد و
مشہود ضامن ہوتے ہیں
واللہ باللہ تاللہ ماشاء اللہ!

اللہ کی تلاش میں نکلا تھا،
علاؤالدین کو پایا۔ دیوانہ
تھا، مستانہ بنا۔ بحرِ علوم کے ذخائر
کھلے۔ عجائب و غرائب نسخے مِلے۔
قدرتی نظام نے آغوش وا کی۔
تیری بقا کی چادر سدا تنی رہی۔

کتابُ العمل بالسُّنّۃ المعروف ترتیب شریف

مکشوفات منازلِ احسان

اَسماءُ النّبیّ الکریم صلّے اللّٰہ علیہ وسلّم

اور مقالاتِ حکمت

تیری عنایاتِ بے پایاں ہیں۔ اِعجاز بھی کہیں تو بے جا نہیں۔ یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۹۹۸ء

تیرے مجّ شریف کی راکھ
جِنّ و اِنس کے لیے شِفا کا مُوجب!

یا حیی یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

۱۱۹۹۹

ساری عُمر اِس آستاں پہ گزاری

مشرب —— رِندانہ

اَنداز —— دِلبرانہ

نہ معلوم کِس دُھن میں ہنس رہا ہے،

ہم نے کئی سال سے کبھی ہنستے نہیں دیکھا!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۰

## اَٹل فیصلہ

بے ادب بے مُراد ہوتا ہے۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۱

جب تک تو راضی نہ ہُوا ، پٹائی جاری رہی۔
تختۂ مشق بنائے رکھا۔ جب راضی ہوا ،
کوئی یاد باقی نہ رہی۔ میں تیرا ، تُو میرا بنا !

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیرالرازقین
واللہُ ذوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۲

یہ پیر صاحبؒ کے ذاتی کلمات تھے جو مجھے
عنایت فرمائے :

یَا فَتَّاحُ
یَا رَزَّاقُ
یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

گیارہ گیارہ مرتبہ صُبح شام - یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیرالرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۳

کیا بتاؤں میں نے کیا کچھ نہیں دیکھا! میکدوں میں بُت پرستوں کے سودے ہوتے دیکھے! طریقت بیچاری دیکھ دیکھ کر حیران ہونے لگی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۰۰۴

یہاں صرف وہ آدمی رہ سکتا ہے جو مجھے جانتا ہو اور پہچانتا ہو، ہر کوئی نہیں! یا حیّ یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۲۰۰۵

قدیم بادشاہوں کا دستور تھا کہ خزانوں کو بند کر دیا جاتا۔ مستری کو اُس کے اہل و عیال کے لیے عُمر بھر کا وظیفہ دے کر مار دیا جاتا تاکہ پتہ نہ چل سکے کہاں کیا رکھا ہے!

اِسی طرح ہزاروں بادشاہوں کے بھرے خزانے زمین میں موجود ہیں۔ نہ خزانے کا پتہ چلا، نہ بادشاہ کا۔ قیمتی ہیرے جواہر چھوڑ کر مٹی میں مٹی ہوا۔ یا حی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۶

یہ دُنیا ہنسنے کا مقام نہیں،
توبہ کا ہے۔ مت ہنسا کرو۔
بات بات پہ توبہ کیا کرو۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۷

ساری دنیا ظاہر ہے،
باطن ـــــ دِلوں میں مکنُون۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۰۸

جب میرے معاملے میں پس و پیش کرتے،
فرماتے :
"مجھے چُھٹی دے دیں، قلندر صاحب مجھے
مانگ رہے ہیں ـــــ تو وُہ چُپ ہو جاتے"
اِس حال میں پندرہ سال گزر گئے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۰۹

میرے مخدومُ الوراء نے اِس دنیا میں
کیا دیکھا ؟ کچھ بھی نہیں۔
گولر کھا کر زندگی گزار دی !

مجھے دُنیا کی ایک ایک چیز کر کے دکھائی۔
جی بھر کر دکھائی۔ عجیب و غریب
مشاہدات ہوئے۔ پھر اُصول مرتب
کر کے مقالاتِ حکمت سے
سرفرازی بخشی۔ عین حکمت نہیں تو کیا ہے؟
یہ زندگی انشاءاللہ تعالیٰ اس اُصول پہ کاربند رہے گی۔

سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحان اللہ العظیم

استغفراللہ العظیم و اتوب الیہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۰

" تُو یکتائے زماں ہے، اِسے تو نے کیا
دے کر رُخصت کیا ؟ "

یَں نے عزازِیل کے سر پہ راکھ ڈال
کر پُتھیاں کر کے لٹکایا، قیامت تک ندامت
کے آنسو بہاتا رہے گا۔

یَں نے اپنے آقا روحی فداہ صلّے اللّٰہ علیہ وسلّم کی اُمّت
کی مغفرت کے لیے کلماتِ طیبّات پڑھے۔
پہلی بار منصّہ شہُود پہ وارد ہُوئے۔ اور
اِس سے زیادہ کِسی کے پاس کیا ہوسکتا ہے ؟

یاحی یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۱

خیرات کے حقدار غُربا، ہوتے ہیں۔
ہزار دو یا لاکھ، یہاں کُل کا حساب
نہیں ہوتا۔ کُل کی برکات کُل ہوں گی۔

---

فیضانِ فیض کے حصُول کے لیے ہم کچھُ بھی نہیں
رکھتے، غُربا، میں تقسیم کرنا ہی ہمارا
فیض۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۲

خصائلِ نبوّت کے ظِلّ میں کُن کناں
کا ظہور ہوتا ہے۔ اور کُن کناں کسے کہتے
ہیں؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۳

طویل اِنتظار کے بعد پہاڑوں کو چیرتی
ہوئی بالآخر کوئل امروز دوشنبہ ۲۵؍
رمضان المبارک ۱۴۳۴ھ (۳۰؍ مارچ) کو عین وقت
پر تشریف لائی۔

اھلاً و سھلاً شکریہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۲۰۱۴

تم جہاں بھی ہو، کوئی نہ کوئی نئی تجدید
مرتّب کر۔ اگر تُو نے یہ نہ کیا،
کیا تیری فنا اور کیا تیری بقا! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين
وَاللّٰہُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۲۰۱۵

تیرے ہر کلام میں اِتّصال و اِتّحاد

مربُوط ہو ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۶

عزم بالجزم ، اللہ کا وہ کلام ہوتا ہے جو کبھی نہیں مرتا ، کبھی نہیں ٹلتا ۔ اَزل تا اَبد پُوری آب و تاب سے زِندہ رہتا ہے اور یہ اَزل ہی کے فیصلے ہوتے ہیں جو کبھی نہیں بدلتے ، داستان بن کر ہر آنے والی نسل کیلئے رہنمائی کے وارث بھی ہوتے ہیں اور رہنما بھی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۱۷

تکتے تکتے عمریں گزریں حتیٰ کہ شہادت ہی کے خمار میں مخمور ہو کر قبروں میں جا بسے۔ شہادت کا خمار کبھی نہیں اُترتا۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۱۸

خِدمت کا اجر کبھی ردّ نہیں ہوتا۔

یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۱۹

اگر میں ایسے نہ کرتا اور مجھ سے ایسے نہ ہوتا، میرے مخدومُ الورا صابر صاحبؒ کی طریقت دا غدار ہو جاتی۔ اور میں کائناتِ طریقت میں کوئی مقام نہ رکھتا۔ اُن کی پدرانہ شفقت کو لاج لگ جاتی۔ میں کسی بھی کام کا نہ رہتا۔ اور نہ ہی کسی کو مُنہ دِکھانے کے قابل ہوتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۲۰۲۰

قِسمت کا ربّ اللہ ہوتا ہے،
اللہ ہی کے حوالے کر! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحي القيوم فالله خير الرازقين
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْم

۱۲۰۲۱

کسی نے کسی کا کیا دیکھنا ہوتا ہے ،
صفت ہی صفت پہ نازاں ہوتی ہے۔

یا حیی یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۲

کلماتِ طیّبات کا نُور مدہوش ہونے نہیں دیتا۔

یا حیی یا قیوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۳

اُصول تیری زِندگی کی متاع تھی ،
جو چھن گئی !

یا حیی یا قیوم
الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۴

## ایک اُصول ایک ولایت ہوتی ہے

یا حی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۵

جب کرنے پہ آتے، کسی کے بھی فنِ سپاہ گری
کو کسی خاطر میں نہ لاتے۔ تن تنہا میدان
جیت جاتے۔ اے خوابیدہ مُسلمان!
نہ تیری آن رہی نہ شان،
گیدڑوں کی سی آہ و بکا جاری ہے۔

یا حی یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۶

اِس وقت دنیا میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے، اللہ ہی کی توحید کے عین مطابق ہو رہا ہے۔

وَاللہ باللہ تاللہ !

یحییٰ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۷

مدّت گزُری
تیرا خون کبھی نہیں گرمایا
جوشِ رِندانہ سرد پڑ گیا
جذبِ قلندرانہ مُنتشر ہُوا

ماضی کا کوئی بھی حال تُم میں نہیں

تیرا خون میری توحید کا ترجمان تھا

بے قدری کا شکار ہو گیا

دُنیا کے کسی بازار میں

کوئی قیمت نہ رہی

---

ہر بات لِکھ چُکے

کہہ چُکے

سُنا چُکے

ٹَس سے مَس نہیں ہوتا

ہوش میں آ

اپنی سوئی ہوئی قسمت جگا

یہی وقت کی پکار ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۸

تقدیر تقدیر کہتے ہو، بندہ خود ہی اپنی
تقدیر کا معمار ہوتا ہے۔ تُو نے اپنی
تقدیر آپ بنائی ہے،
ربّ تیرے ساتھ ہے، پھر کیونکر نہ بدلے؟
اللہ قادر المقتدر ہے، کیا تیری تقدیر بدلنے پہ
قادر نہیں؟
تُو نے کبھی اپنے ربّ کو پکارا ہی نہیں۔
جب بھی پکارا، سبب کو پکارا۔
سبب کو تو دیکھ ہی لیا، اَب
ربّ کو پکار کر دیکھ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۲۹

بندہ بندے سے مِل کر ہی بندہ
بنتا ہے ! یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۲۰۳۰

اَلاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ !

بندہ بڑی چیز ہے
بندہ نورِ مُبین کا مظہر
یا حیی یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضْلِ العَظِيمْ

۱۲۰۳۱

## اقسامِ ذکر

ذکر لِسانی ——— اطمینان

قلبی ——— سکون

رُوحی ——— جمال

سِرّی ——— توبہ کی نمُو

یا حیی یا قیّوم

الحمد للحی القیوم
فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۳۲

## رَبّ کو راضی کرنے کی اسناد :

## تَوبَۃُ النَّصُوح

یا حیی یا قیّوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۳۳

دین کی تبلیغ ذِکر بالجہر پہ موقوف،
اور تبلیغ — عین ذِکر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۳۴

یہی کام جو کر رہے ہو،
تیرے کام آئیں گے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دارالحکمت المعروف بہ دارالشفاء

فری آئی کیمپ دارالاحسان

کی مجموعی کارکردگی کا اجمالی جائزہ

---

اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان ہے (ترجمہ) اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے پاؤں جما دے گا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں دین کی مدد کرنے والوں سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ وہ اُنہیں دُنیا میں غلبہ و برتری عطا کرے گا اور ہر معاملہ میں اُنکی مدد فرمائے گا۔

واضح ہو کہ دین کی مدد تین طریقوں سے کی

جاتی ہے :

و۔ ذکرِ الٰہی

و۔ دعوت و تبلیغ

و۔ مخلوق کی خدمت

یہ تینوں کام باہم مربُوط و مُنسلک ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی ایک جداگانہ حیثیت بھی رکھتے ہیں اور اللہ اور اس کے رُسول صلّے اللہ علیہ وسلّم کی محبّت کے حصول کے لیے ناگزیر ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی مُحبّت کا راز حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم کی محبّت میں مُضمر ہے اور حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم کی محبّت کا راز ذکرِ الٰہی میں ہے۔ ذکر کی حقیقت تبلیغ ہے اور تبلیغ کی حقیقت مخلوق کی خِدمت میں ہے — اور

مخلوق میں سب سے پہلا نمبر بیمار کا ہے۔

ذکر، تبلیغ اور خدمت ہی وہ مقبولُ الاسلام کام ہیں جن میں ہمارے اَسلاف ہمیشہ مصروفِ عمل رہے اور پھر اللّٰہ کی تائید و نُصرت سے اُنہوں نے دُنیا کو اِسلام کے عالم گیر انقلاب سے روشناس کیا۔ ان ہی اُمور میں اللّٰہ کے دین کی مدد کا راز ہے، اِنہی میں پُرخلوص جدّ و جہد اللّٰہ کی رحمت کو کھینچ لاتی ہے۔

تاریخ شاہد ہے کہ جب تک مُسلمان یہ کام شوق اور جذبے سے کرتا رہا، کُرّۂ ارض پر اسلام کا پرچم پُوری آب و تاب سے لہراتا رہا۔ اور جب سے اُس نے اِن سے بے رُخی اختیار کی، قیادت و سیادت کا تاج اُس سے چِھن گیا اور گزشتہ تین صدیوں سے وہ دُنیا کے تمام بّرِاعظموں پر اپنی اِس کوتاہی کی سزا بُھگت رہا ہے۔

اِس میں کوئی شک نہیں کہ ذکرِ الٰہی اور تبلیغِ دین کا معیار بہت بُلند ہے جس پر ہر کسی کو گزر نہیں لیکن مخلوق کی خدمت اگر معمولی درجے میں بھی کی جائے، اللہ تعالےٰ اسے کبھی ردّ نہیں فرماتے۔ غیر اقوام آج خدمتِ خلق کے باعث دُنیا بھر میں قابلِ احترام ہیں۔

جب بھی کسی نے قرآن کے حکم پر عمل کیا، قرآن نے اسے فیضیاب فرمایا۔ اِس لیے کہ اللہ ربّ العالمین ہے، صرف ربّ المسلمین نہیں۔

یہ امر قابلِ غور ہے کہ غیر مسلم اقوام کی تنظیمیں نہ صرف اپنے اپنے مذہب کی تبلیغ میں پیش پیش رہیں بلکہ مخلوق کی خدمت کے میدان میں بھی بازی لے گئیں۔

یہ ہماری میراث تھی، جسے ہم نے گنوا دیا اور غیروں نے اپنا لیا۔ ہم اِسے کھو کر اپنے مقام سے گر گئے اور

وہ ہر کہیں اپنا سکّہ جما گئے۔ دو واقعات بطورِ مثال پیشِ خدمت ہیں :

ا : مُغل فرمانروا شاہجہان کی بیٹی بیمار ہوگئی۔ مُلک بھر کے نامور طبیبوں اور ویدوں کو بغرضِ علاج بُلایا گیا مگر کسی کو بھی کامیابی نہ ہوئی۔ ایک عیسائی ڈاکٹر باٹن اُس وقت ہندوستان میں رہائش پذیر تھا۔ اُسے پتہ چلا تو اُس نے دربارِ مُغلیہ تک رسائی حاصل کی اور شاہزادی کے علاج کی پیشکش کی۔ اجازت ملنے پر اُس نے علاج شروع کیا جو کامیاب رہا۔

شاہجہان نے خوش ہو کر کہا جتنا انعام چاہتے ہو، مانگ لو۔ اُس نے کوئی جاگیر، منصب یا خزانہ مانگنے کی بجائے قومی جذبے کے تحت خواہش ظاہر کی کہ اُس کی غریب یورپین عیسائی قوم کے تاجروں کو

ہندوستان میں خصوصی رعائتوں کے تحت آزادانہ تجارت کی اجازت دی جائے۔ جسے شاہجہان نے بصد مسرت قبول کر لیا۔

اس طرح انگریز کے لیے ہندوستان میں پاؤں جمانے کا رستہ کھل گیا۔ ایک بیمار کی خدمت کے صلہ میں انگریز کو برصغیر پر ڈیڑھ دو سو سال تک حکمرانی کا موقع میسّر آیا۔

۲: ریڈکراس کے نام سے کون واقف نہیں، یہ تنظیم بین الاقوامی سطح پر قائم ہے اور مذہبی تفرقِ سے بالاتر ہو کر دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے دُنیا بھر میں مصروفِ کار ہے۔ اس کی بانی ایک عیسائی خاتون تھی جسے ایک بیمار کی خدمت کے صِلہ میں اللہ تعالیٰ نے اِتنی بڑی تنظیم بنانے کی توفیق عطا کی۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ عورت بڑی تیزی سے سڑک پر کار دوڑائے جا رہی تھی کہ اُس نے سڑک کے کنارے

ایک مریض کو نہایت خستہ حالت میں بے یارو مددگار پڑے دیکھا۔ اُس نے فوراً کار روکی، مریض کو اُٹھایا، ہسپتال لے جاکر اُس کا علاج کرایا اور اِس خدمت کے صِلہ میں اللہ تعالیٰ نے اُسے مخلوق کی خدمت کا فکر عنایت فرمایا اور فکر کی بدولت فہم عنایت ہوا جس سے یہ بین الاقوامی تنظیم معرضِ وجود میں آئی۔

کیا یہ دو مثالیں ہماری آنکھیں کھولنے کے لیے کافی نہیں؟

## اہلِ خدمت کا شِعار

جب رُوح و اَخلاق کی دُنیا میں بدنظمی کے طوفان اُٹھتے ہیں اور کفر و شرک کے تیز جھکڑ چلتے ہیں تو رُوح کی دُنیا میں تاریکی چھانے لگتی ہے، اخلاقی معیار دُھندلا جاتے ہیں

اور قابلِ تقلید کردار کے نشانات آنکھوں سے اوجھل
ہونے لگتے ہیں تو اِس تاریک فضا میں اللہ کا کوئی بندہ
روشنی کی لکیر بن کر نمودار ہوتا ہے۔ وہ اندھیروں سے
برسرِ پیکار ہو کر بالآخر اُنہیں بھاگنے پر مجبور کر دیتا ہے۔
وہ اپنے پُرخلوص قول و فعل سے سسکتی ہوئی اِنسانیت
کی ڈھارس بندھا کر اُسے جینے کا حوصلہ عطا کرتا ہے۔
اللہ کے ایسے بندے ہر زمانے اور ہر علاقے میں آتے
رہے ہیں اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت
ایسے مردانِ حق کے وجود سے کبھی خالی نہیں رہی۔
معروف اِصطلاح میں اُنہیں اولیائے کرام کے
لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ اللہ کے یہ مخلص بندے کسی
سے کچھ لیتے نہیں، لوگوں کے خالی دامن حق و صداقت
کے موتیوں سے بھرنے آتے ہیں۔ اُن کی نگاہ تریاق،

کلام شِفا، اور اخلاق پُر کشش ہوتا ہے۔ وہ اخلاقِ نبوی صلے اللہ علیہ وسلّم سے مزّین ہو کر اپنے ذاتی عمل کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ عُلما، نوکِ زبان سے تبلیغ کرتے ہیں اور صُوفیا نظر سے۔ علم بکُتب، دین بنظر۔ ایسی ہستیاں ادارہ ساز ہوتی ہیں اور دُنیوی جاہ و حشمت سے بے نیاز۔ ان کی زندگی کا ہر لمحہ یادِ الٰہی اور خدمتِ خلق کے لیے وقف ہوتا ہے بیشک مخلوق کی خدمت خالق کو بے حد پسند ہے۔ اہلِ حق اہلِ خدمت ہوتے ہیں، یہی اُن کا شِعار۔

دارالاحسان اِسی فکر کا آئینہ دار اور اِسی روایت کا امین و پاسدار ہے۔

## دارالاحسان میدانِ عمل میں

اِس وقت دنیا بھر میں متعدد مُسلم اور غیر مسلم مذہبی و رفاہی

تنظیمیں انسانیت کی فلاح و بہبوڈ میں سرگرمِ عمل ہیں۔ ہمیں اُن سب کی خدمات کا اعتراف ہے۔ اللہ کی مخلوق کی خدمت کے لیے جو بھی فرد یا ادارہ محوِ کار ہے، ہمارے خراجِ تحسین کا حقدار ہے۔ تاہم اللہ تعالےٰ نے اپنے اِس دارالاحسان کو ایک خصوصی و اِمتیازی مقام و نشان بخشا ہوا ہے۔ یہ ادارہ ربّ العالمین کے کُلّی توکّل پہ قائم ہے۔ اِس کے فنڈ میں کوئی مُستقل رقم نہیں ہوتی۔ یہ ہر روز اِس حال میں شام کرتا ہے کہ کَل کیلئے دمڑی تک پاس نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے اِسے کسی بھی معاملہ میں کسی کا محتاج نہیں ہونے دیا اور اِسکی ہر حاجت اپنی جناب سے پورے اعزاز و اِکرام سے روا فرمائی۔ یہ توکل علی اللہ کا وہ وہبی مقام ہے جس کا کسی بھی طرح حقِ شُکر ادا نہیں کیا جا سکتا۔

دار الاحسان میں ـــــ ذکرِ الٰہی، دعوۃ و تبلیغ الاسلام اور مخلوق کی بے لوث خدمت کے تینوں کام پہلو بہ پہلو جاری ہیں۔ اِسکی فضا ہمہ وقت ذکرِ الٰہی کے زمزموں سے گونجتی رہتی ہے اور دین کی دعوت و تبلیغ کا سلسلہ باقاعدہ جاری رہتا ہے۔ کتاب العمل بالسنۃ المعروف بہ ترتیب شریف، مکشوفات منازلِ احسان، مقالاتِ حکمت اور اسماء النبی الکریم صلّے اللہ علیہ وسلّم، دار الاحسان کی وہ مایۂ ناز تالیفات ہیں جن پر پورا عالمِ اسلام بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔ عمدہ کتابت و طباعت سے آراستہ اِن ضخیم مطبُوعات کے علاوہ دینی موضوعات پر دار الاحسان کا لٹریچر اُردو، انگریزی، چینی اور دنیا کی دیگر زبانوں میں طباعت کے بعد افادۂ عام کے لیے مُفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ دار الاحسان کو یہ شرف بھی عطا ہوا

کہ سنّتِ نبوی صلّے اللہ علیہ وسلّم کی اتباع میں غیر مُسلم سربراہان مملکت کو دعوتِ اسلام دی گئی۔ مُلک بھر میں پھیلے ہوئے لاکھوں خانہ بدوش قبائل اِسکی وساطت سے حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے جن کی تربیت و آباد کاری کا کام جاری ہے۔ دارالاحسان کے تبلیغی مراکز کے ذریعے گھر گھر ذکرِ الٰہی کی محافل کا اِنصرام، جیل خانوں میں محافلِ ذکر و فکر کا اِہتمام اور ہزاروں نادار، لاچار اور بے کس بیوگان، یتامیٰ اور مساکین کی ٹھوس عملی خدمت بغیر کسی تشہیر و پراپیگنڈہ کے جاری ہے۔ غرض دارالاحسان شہرت سے بے نیاز ہو کر جو مقبولُ الاسلام کردار ادا کر رہا ہے مستقبل کا مُؤرّخ اُسے کسی صُورت نظر انداز نہ کر سکے گا۔

# سرزمینِ دارالاحسان میں

آج سے قریباً چار عشرے قبل جنگل کی پُرکیف فضاؤں میں علم و عمل کے مرکز — دارالاحسان - کا آغاز ایک چھوٹی سی کچّی مسجد سے ہُوا جس میں توسیع کر کے ایک عالی شان جامع مسجد بطرزِ مسجدِ نبوی صلّے اللہ علیہ وسلّم تعمیر کرائی گئی - بچوں کی دینی تعلیم کے لیے ایک مدرسہ جاری کیا گیا - "قرآنِ کریم محل"، تعظیم القرآن کا یکتا عملی نمونہ ہے - قرآنِ کریم کے وہ نسخے جو پڑھے جانے کے قابل نہ رہیں، مُلک بھر سے انہیں اکٹھا کر کے، از سرِ نو جلد بندی اور تزئین کے بعد اِس قلعہ نما عمارت میں پورے اعزاز و اکرام سے محفوظ کر دیا جاتا ہے - قرآنِ کریم کے قدیم و جدید نادر قلمی نسخوں کا معتدبہ ذخیرہ قرآنِ کریم محل

کی زینت ہے۔

## دارالحکمت کا قیام

بانیٔ دارالاحسان نے ذکرِ الٰہی اور دعوۃ و تبلیغ الاسلام کے عملی نمونہ کے ساتھ ساتھ "دارالحکمت المعروف بہ دارالشفاء" کی صُورت میں بیمار مخلوق کی بے لوث خدمت کا جو نمونہ پیش کیا ہے اُس کی مثال ڈھونڈے سے نہیں ملتی۔

سٹو بستر کے اِس خیراتی ہسپتال کی بُنیاد جُمعۃ المُبارک ۱۱ رمضان المُبارک ۱۳۹۲ھ کو رکھی گئی۔ دارالحکمت میں ابتدائی مرحلے میں آنکھوں کے علاج کے لیے سال میں دو بار (مارچ، اکتوبر) فری آئی کیمپ لگانے کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ ہر چھ ماہ بعد فری آئی کیمپ لگانے کا مقصد

اُن نادار ولاچار اور افلاس میں گھرے ہوئے مریضوں کو علاج کی جملہ سہولیتیں مفت فراہم کرنا ہے جو آنکھ جیسی نعمت سے محروم ہو کر دوسروں کے دست نگر بن جاتے ہیں اور علاج معالجے کے گرانقدر اخراجات کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ دارالحکمت میں مُفت طبی امداد کے علاوہ موسم کے مطابق آنکھوں کے آپریشن کیے جاتے ہیں۔ دارالحکمت میں آنے والے تمام مریضوں کا بلاامتیاز مُفت اور توجّہ سے علاج کیا جاتا ہے۔ دارالحکمت کی پیشانی پر اس کا رہنما اُصول اِن الفاظ میں کندہ ہے :

"اِس دارالحکمت المعروف بہ دارالشفاء میں ہر کوئی ہر وقت جب چاہے بلا فیس واجرت و معاوضہ داخل ہو کر مفت طبّی امداد حاصل کر سکتا ہے"

یہ ادارہ اپنے اِن چار سنہری اُصولوں پر سختی سے کاربند ہے

۱: مشورہ مفت

۲: علاج مفت

۳: خدمت مفت

۴: غیر اِمتیازی سلوک

## کارگُزاری

دارالحکمت میں پہلا فری آئی کیمپ ۱۹۷۶ئہ میں لگایا گیا اور آج مارچ ۱۹۹۲ میں ۳۲ ویں کیمپ تک سولہ سال کے عرصہ میں یہاں سے دو لاکھ چورانوے ہزار چھ سو ننانوے (۲۹۴۶۹۹) آنکھوں کے مریض فیضیاب ہو چکے ہیں ان میں

ایک لاکھ چھ ہزار چار سو چار (۱۰۶۴۰۴) آنکھوں کے کامیاب آپریشن ہوئے، بقیہ ایک لاکھ اٹھاسی ہزار

دوسو پچانوے (۲۹۵، ۱۸۸) مریضوں کا بلا آپریشن علاج کیا گیا۔ ان کیمپوں میں ایک سو سینتیس (۱۳۷) ایسے مریضوں کا کامیاب آپریشن بھی ہوا جو پیدائشی نابینا تھے۔ وہ ہر طرف سے مایوس ہو کر یہاں پہنچے اور اللہ تعالےٰ نے انہیں اِس مقام کی برکت سے بینائی کی نعمت عنایت فرمادی۔

فری آئی کیمپ کے دوران ایسے ایسے واقعات بھی رونما ہُوئے جنہیں مادی عقل تسلیم نہیں کرتی لیکن رُوحانی دُنیا میں ایسے واقعات باعثِ قوتِ ایمان و یقین ہیں۔

مارچ ۱۹۸۱ء کے کیمپ میں جب پہلی بار پیدائشی نابینا افراد کے کامیاب آپریشن کی خبریں اخبارات میں چھپیں اور ملک کے معروف روزناموں میں فیچر اور کالم

لکھے گئے تو ہر چہار اطراف سے پیدائشی نابینا افراد
اِس کیمپ کی طرف اِس طرح دیوانہ وار لپکے جیسے
پیاسا پانی کی طرف۔ ایک ضعیف العمر عورت بھی
اپنے کمسن مادر زاد نابینا بیٹے کو لے کر دارالحکمت پہنچی
ڈاکٹر صاحب نے آنکھوں کے بغور معائنہ کے بعد اُسے نہایت
افسوس سے بتایا کہ بچے کی آنکھ کے پیچھے نُور کی کِرن
نہیں ہے اس لیے آپریشن بے فائدہ ہے۔ یہ سُنکر
اُس ضعیفہ کو ازحد صدمہ ہُوا۔ اگرچہ وہ جانتی تھی کہ اُس
کا بیٹا نابینا تھا اور اُس نے جس بھی ماہرِ چشم سے رابطہ
کیا تھا، کسی نے اُسے یہ اُمید نہ دلائی تھی کہ وہ ٹھیک
ہوسکتا ہے لیکن نہ جانے کیوں اُسے یقین تھا کہ وہ دارالاحسان
کے دارالحکمت سے مایوس و محروم نہ لوٹے گی۔ اس نے
ڈاکٹر صاحب کی رائے سننے کے باوجود واپس جانے

سے انکار کر دیا۔ وہ بچے کو لیے، سارا دن ہسپتال میں اِدھر اُدھر پھرتی رہی، روتی رہی اور یہ واویلا کرتی رہی کہ اُس کے بیٹے کا ہر حال میں آپریشن کیا جائے۔ کیمپ کے اہلکار اُسکی پریشانی برداشت نہ کر سکے چنانچہ ڈاکٹر صاحبان نے فیصلہ کیا کہ اُسے کسی مزید ذہنی صدمے سے بچانے اور اُس کی نفسیاتی تسلّی کے لیے بچے کو آپریشن لسٹ میں شامل کر دیا جائے لیکن اُس کا آپریشن کیے بغیر آنکھوں پر پٹی باندھ دی جائے (کیونکہ آپریشن بے فائدہ تھا بلکہ خدشہ تھا کہ آپریشن کی صُورت میں کہیں کوئی مزید پیچیدگی پیدا نہ ہو جائے) چنانچہ بچے کی آنکھوں میں دوائی ڈال کر بغیر آپریشن کیے اُسکی آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی۔ وہ عورت دیگر مریضوں کے وارثوں کی طرح رات کو بچے کی نگہداشت کر رہی تھی کہ اُسے نیند آ گئی۔

اُدھر بچہ جاگ گیا اور اُس نے جلدی سے ہاتھ مار کر آنکھ سے پٹی اتار لی۔ پٹی اُترتے ہی ہر چیز اُسکی آنکھوں کے سامنے روشن تھی۔ وہ ماں کو جگائے بغیر وارڈ سے باہر نکلا اور ڈیوٹی پر موجود عملہ کے ساتھ ہسپتال میں گھومتا پھرا۔ جب عورت کی آنکھ کھلی اور اُس نے بستر پر بچے کو موجود نہ پایا تو وہ پریشان ہو کر اُسکی تلاش میں نکلی۔ بچہ ملنے پر اُس نے بتایا کہ اماں، مجھے تو دُور دُور تک نظر آرہا ہے۔ یہ سُن کر عورت کی خوشی کی کوئی حد نہ رہی۔ وہ سورج نکلنے سے پہلے ہی عملہ کو بتائے اور رُخصت کی باقاعدہ اجازت لیے بغیر اپنے گھر کو روانہ ہوگئی۔

دارالاحسان کی جانب سے فری آئی کیمپ کا جو سلسلہ ۱۹۷۶ء میں شروع ہوا تھا اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی و کامرانی سے جاری و ساری ہے۔ اب تک یہاں بتیس ۳۲ کیمپ

لگائے جا چکے ہیں۔ یہ دارالحکمت اردگرد کے دیہاتی مریضوں کے لیے ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ اِس چشمۂ فیض سے ملک کے طول و عرض میں بسنے والے لاکھوں افراد بینائی کا فیض حاصل کر چکے ہیں اور اِس تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ چنانچہ اب ہسپتال کی عمارت ناکافی ہونے کے باعث اکتوبر ۱۹۹۱ء میں ایک سو چالیس فٹ لمبا اور چالیس فٹ چوڑا ایک نیا شیڈ تعمیر کیا گیا جس میں دو سو مریضوں کی گنجائش ہے لیکن موجودہ سیزن میں یہ شیڈ بھی ناکافی ہو گیا اور اب یہ عالم ہے کہ مریضوں کو مجبوراً ہسپتال کے اندر اور باہر زمین پر پرالی بچھا کر لٹانا پڑتا ہے۔

## طریقِ کار

ہسپتال میں آنے والے تمام مریضوں کے ضروری کوائف

کا اندراج کرنے کے بعد اُن کی آنکھوں کا بغور معائنہ کیا جاتا ہے اور جن آنکھوں کا آپریشن ضروری ہو اُن کا آپریشن بھی کیا جاتا ہے۔

آنکھوں کے آپریشن کے لیے کیمپ میں نہایت قابل، محنتی اور تجربہ کار آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر صاحبان اپنی خدمات پیش کرتے ہیں جنہیں محکمہ صحت پنجاب کی جانب سے تعینات کیا جاتا ہے۔ آپریشن کی تیاری اور دورانِ آپریشن ڈاکٹروں کی مدد کے لیے پیرا میڈیکل سٹاف بھی حکومت کی جانب سے یہاں بھیجا جاتا ہے۔ داخل شدہ مریضوں کو آپریشن کے ابتدائی مراحل سے گزارنے کے ساتھ ساتھ اُن کا ریکارڈ تیار کیا جاتا ہے جس کے لیے دارالاحسان کے عقیدت مند رضاکاروں کی ایک ٹیم ہسپتال میں پورا ماہ موجود رہتی ہے۔ بعض اوقات

ایسے لاوارث مریض بھی آجاتے ہیں جن کا آپریشن ضروری ہوتا ہے لیکن اُن کے ساتھ کوئی تیمار دار نہیں ہوتا۔ ایسے مریضوں کو بھی یہاں سے مایوس نہیں لوٹایا جاتا۔ اُن کی بعد از آپریشن نگہداشت کے لیے رضاکاروں میں سے ہی کسی کو متعین کیا جاتا ہے۔

آپریشن شدہ مریضوں کو ہر روز صبح شام ان کے بستروں پر ہلکی غذا یعنی چائے اور ڈبل روٹی دی جاتی ہے اور ان کے لواحقین کو بھی دربار شریف کے لنگر سے کھانا فراہم کیا جاتا ہے۔ مریضوں کی سہولت کے پیشِ نظر روزانہ ادویات بھی ان کے بستروں پر ہی پہنچائی جاتی ہیں۔ تمام مریضوں کی شب و روز دیکھ بھال کی جاتی ہے جس کے لیے ورکرز باری باری ڈیوٹی دیتے ہیں اور رات کو جاگ کر پہرہ دیتے ہیں تاکہ کسی بھی مریض کو پیش آنے والی کسی پریشانی کے

ازالہ میں کوئی تاخیر نہ ہو۔

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے اِس دارالحکمت میں مشورہ اور ادویات کی فراہمی کے علاوہ آپریشن کی کوئی بھی فیس نہیں لی جاتی بلکہ تمام مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو مُفت طعام و قیام کی سہولت بہم پہنچائی جاتی ہے اور حق الخدمت کے نام پر کسی سے بھی ایک پائی تک وصول نہیں کی جاتی۔

## فری آئی کیمپؒ کی مُنفرد کارکردگی

دُنیا کے کسی ہسپتال میں پیدائشی نابیناؤں کا آپریشن نہیں ہوتا۔ جنگل کی سرزمین پر یہ وہ واحد ادارہ ہے جہاں پیدائشی نابینا مریضوں کی آنکھ کا بغور معائنہ کرنے کے بعد اگر آنکھ کے پیچھے نور کی جھلک موجود ہو تو

آپریشن کر دیا جاتا ہے۔ دارالحکمت میں ابتک ایک سو

سینتیس (۱۳۷) پیدائشی نابیناؤں کو اللہ تعالیٰ نے

بینائی کی نعمت سے نوازا، ماشاء اللہ، الحمدللہ!

## ۳۲ واں کیمپ

دارالحکمت میں سابقہ روایات کے مطابق ۳۲واں

فری آئی کیمپ یکم مارچ سے ۳۱ مارچ ۱۹۹۲ء تک

جاری رہا۔ البتہ آخری ہفتے میں آپریشن نہیں کیے گئے

تاکہ بعد از آپریشن نگہداشت کے لیے مناسب

وقت مل سکے۔ موجودہ سیزن میں موسم کی غیر یقینی

صُورتِ حال، آندھی طوفان اور بارش کی وجہ سے

آمد ورفت کی مُشکلات اور رمضان المُبارک کے

قُرب کے باعث زیادہ مریضوں کی آمد متوقع نہ تھی

لیکن اِس کے باوجود کیمپ میں آنے والے مریضوں کی تعداد حوصلہ افزا رہی بلکہ جگہ کی قلّت کے پیشِ نظر دارالحکمت کی عمارت، ملحقہ باغ، سبزہ زار، جامع مسجد اور قرآنِ کریم محل کے برآمدوں کے استعمال کے علاوہ شامیانوں کا بندوبست بھی کیا گیا۔ لوڈ شیڈنگ کی صورت میں بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جنریٹر بھی مہیا تھے۔

کیمپ میں محکمہ صحت پنجاب کی جانب سے درج ذیل چار ماہرینِ امراضِ چشم کی خدمات فراہم کی گئیں۔

۱۔ ڈاکٹر اشفاق احمد (کیمپ انچارج)

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال سرگودھا

۲۔ ڈاکٹر خادم حسین

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر جھنگ

۳- ڈاکٹر غلام صابر

اسسٹنٹ پروفیسر علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور

۴- ڈاکٹر محمد رفیق

ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ

(ڈاکٹر افتخار احمد چیمہ ایم ایس الائیڈ ہسپتال فیصل آباد جو ان کیمپوں کے ساتھ طویل وابستگی رکھتے تھے کیمپ کے آغاز سے چند ہفتے قبل دل کے دورہ سے اِنتقال کر گئے۔ ہم ربّ العزّت کے حضور دُعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اُن کی خدمات مقبول فرمائے، اُن کے گناہوں سے درگزر فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا کرے اور اُن کے لواحقین کو صبرِ جمیل مرحمت فرمائے۔ آمین!)

حکومت کی جانب سے معاون طبّی عملہ کے اٹھارہ ارکان

کی خدمات بھی فراہم کی گئیں۔ دارالاحسان کے عقیدت مندوں کی ایک جماعت نے پورے خلوص اور جوش و جذبے کے ساتھ شب و روز رضا کارانہ خدمات سرانجام دیں۔ کیمپ کو روٹین کے مطابق چلانے کے ساتھ سحری اور افطاری کا بروقت اِنتظام ایک دُشوار مرحلہ تھا لیکن دارالاحسان کی تبلیغی جماعت از ٹوبہ ٹیک سنگھ کے اراکین نے اسے نہایت جانفشانی اور خوش اسلوبی سے نبھایا۔ دارالاحسان کے عقیدت مند طلبہ از زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے بھی اکثر و بیشتر رضا کارانہ خدمات پیش کیں۔ کیمپ میں گردونواح کے دیہات و قصبات کے علاوہ شکر گڑھ، پسرور، بنوں، قصور، کوئٹہ حیدرآباد، ڈیرہ غازی خاں، بہاولپور، اندرون سندھ کراچی، پشاور اور لاہور جیسے دُور افتادہ مقامات سے

خاصی تعداد میں مریض آئے۔ ناموافق حالات کے باوجود کیمپ میں کارکردگی کا اعلیٰ معیار کامیابی سے ہمکنار رہا۔ سابقہ روایات کے مطابق کامیابی کا تناسب بہت عمدہ یعنی ۹۹.۷٪ رہا یہاں یہ بات بھی مدِّنظر رہے کہ اِس ہسپتال میں شہری ہسپتالوں کی مانند اعلیٰ رہائشی سہولتیں اور ایئرکنڈیشنڈ میسّر نہیں نیز یہاں آنے والے مریضوں کی اکثریت اَن پڑھ دیہاتی طبقے سے تعلق رکھتی ہے جو حفظانِ صحت کے اُصولوں کی پوری طرح پابندی نہیں کر سکتے، پھر بھی کامیابی کا تناسب ۹۹.۷٪ ہے جو کسی بھی اچھے سے اچھے ہسپتال سے کم نہیں۔ اس لحاظ سے یہ کیمپ دُنیا بھر میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا اور منفرد آئی کیمپ ہے، اور یہ سب اللہ تعالیٰ کی کرم فرمائی اور حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم کی نظرِ کرم کا صدقہ ہے

جس پر ہمارے سر اپنے خالقِ حقیقی کے سامنے عجز و انکسار سے خم ہیں۔

## ۳۲ ویں کیمپ کی کارکردگی کا خلاصہ

| | |
|---|---|
| آپریشن | ۲۴۵۰ |
| بلا آپریشن علاج | ۲۶۲۵ |
| کل تعداد مریضان | ۵۰۷۵ |
| مادر زاد نابینا | ۳ |
| یومیہ اوسط آپریشن | ۱۰۲ |
| کامیابی کا تناسب | ۹۹٫۷٪ |

ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ

مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ○

## دارالاحسان فری آئی کیمپ کی مجموعی کارکردگی کا

# اجمالی جائزہ

| کیمپ نمبر | سال/سیزن | آپریشن | بلا آپریشن علاج | کل تعداد مریضان | پیدائشی نابینا |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اکتوبر ۱۹۷۶ | ۵۷۷ | ۳۴۷۸ | ۴۰۵۵ | - |
| ۲ | مارچ ۱۹۷۷ | ۱۴۶ | ۱۴۰۰ | ۱۵۴۶ | - |
| ۳ | اکتوبر ۱۹۷۷ | ۱۰۲۲ | ۵۸۰۸ | ۶۸۳۰ | - |
| ۴ | مارچ ۱۹۷۸ | ۶۰۰ | ۲۸۶۱ | ۳۴۶۱ | - |
| ۵ | اکتوبر ۱۹۷۸ | ۱۵۰۶ | ۵۰۰۰ | ۶۵۰۶ | - |
| ۶ | مارچ ۱۹۷۹ | ۱۰۶۰ | ۳۶۲۷ | ۴۶۸۷ | - |
| ۷ | اکتوبر ۱۹۷۹ | ۲۱۷۲ | ۴۴۹۲ | ۶۶۶۴ | - |
| ۸ | مارچ ۱۹۸۰ | ۲۰۵۴ | ۵۴۹۶ | ۷۵۵۰ | - |
| ۹ | اکتوبر ۱۹۸۰ | ۳۱۲۰ | ۸۱۶۷ | ۱۱۲۸۷ | - |

| کیمپ نمبر | سال/سیزن | آپریشن | بلا آپریشن علاج | کل تعداد مریضان | پیدائشی نابینا |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | مارچ ۱۹۸۱ | ۲۲۰۱ | ۶۷۹۹ | ۹۰۰۰ | ۴ |
| ۱۱ | اکتوبر ۱۹۸۱ | ۳۸۱۰ | ۱۲۵۳۵ | ۱۶۳۴۵ | ۳ |
| ۱۲ | مارچ ۱۹۸۲ | ۲۶۵۵ | ۹۷۳۶ | ۱۲۳۹۱ | ۴ |
| ۱۳ | اکتوبر ۱۹۸۲ | ۵۰۰۵ | ۱۴۲۵۵ | ۱۹۲۶۰ | ۲ |
| ۱۴ | مارچ ۱۹۸۳ | ۳۰۵۰ | ۹۸۵۰ | ۱۲۹۰۰ | ۴ |
| ۱۵ | اکتوبر ۱۹۸۳ | ۵۰۵۰ | ۱۳۰۹۱ | ۱۸۱۴۱ | ۴ |
| ۱۶ | مارچ ۱۹۸۴ | ۴۰۲۵ | ۱۰۸۵۰ | ۱۴۸۷۵ | ۸ |
| ۱۷ | اکتوبر ۱۹۸۴ | ۶۵۹۱ | ۱۶۸۰۰ | ۲۳۳۹۱ | ۸ |
| ۱۸ | مارچ ۱۹۸۵ | ۳۱۱۰ | ۳۴۵۳ | ۶۵۶۳ | ۴ |
| ۱۹ | اکتوبر ۱۹۸۵ | ۴۱۲۵ | ۵۹۶۹ | ۱۰۰۹۴ | ۵ |
| ۲۰ | مارچ ۱۹۸۶ | ۲۵۱۸ | ۲۷۶۲ | ۵۲۸۰ | ۷ |
| ۲۱ | اکتوبر ۱۹۸۶ | ۴۵۲۵ | ۴۶۶۱ | ۹۱۸۶ | ۸ |

| کیمپ نمبر | سال سیزن | آپریشن | بلا آپریشن علاج | کل تعداد مریضاں | پیدائشی نابینا |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | مارچ ۱۹۸۷ | ۲۴۱۰ | ۲۲۹۰ | ۴۷۰۰ | ۵ |
| ۲۳ | اکتوبر ۱۹۸۷ | ۵۵۵۵ | ۵۳۲۱ | ۱۰۸۷۶ | ۱۸ |
| ۲۴ | مارچ ۱۹۸۸ | ۳۲۰۰ | ۲۲۲۵ | ۵۴۲۵ | ۹ |
| ۲۵ | اکتوبر ۱۹۸۸ | ۵۷۰۵ | ۳۹۰۲ | ۹۶۰۲ | ۶ |
| ۲۶ | مارچ ۱۹۸۹ | ۳۳۰۷ | ۲۸۳۴ | ۶۱۴۱ | ۴ |
| ۲۷ | اکتوبر ۱۹۸۹ | ۷۰۰۲ | ۴۸۳۶ | ۱۱۸۳۸ | ۸ |
| ۲۸ | مارچ ۱۹۹۰ | ۳۰۳۲ | ۲۰۴۴ | ۵۰۷۶ | ۴ |
| ۲۹ | اکتوبر ۱۹۹۰ | ۶۱۱۱ | ۳۶۹۷ | ۹۸۰۸ | ۲ |
| ۳۰ | مارچ ۱۹۹۱ | ۲۵۶۰ | ۲۵۶۰ | ۵۱۲۰ | ۶ |
| ۳۱ | اکتوبر ۱۹۹۱ | ۶۱۵۰ | ۴۸۷۱ | ۱۱۰۲۱ | ۱۱ |
| ۳۲ | مارچ ۱۹۹۲ | ۲۴۵۰ | ۲۶۲۵ | ۵۰۷۵ | ۳ |
| میزان | | ۱۰۶۴۰۴ | ۱۸۸۲۹۵ | ۲۹۴۶۹۹ | ۱۳۷ |

رپورٹ : کیمپ کمانڈر محمد اسلم ٹوبہ ٹیک سنگھ

# دَارُ الاِحسان میں

# ایک لاکھ چھ ہزار چار سو چار ؁

## آنکھوں کے کامیاب آپریشن ہوئے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

وَ تُب علینا انک انت التواب الرحیم ٥

آمین آمین آمین

یاحی یاقیوم

۱۲۰۳۵

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

انسان عین الوجود
وَالسَّبَبِ فِیْ کُلِّ مَوْجُوْدٍ

# اِنسان ہی نُورِ مُبین کا مظہر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۲۰۳۶

زِندگی جہاد ہے،

مُجاہد کو ہر آدھ گھنٹے کے بعد

مطلع کیا جاتا ہے تیرا سَفر

سلامتی سے گزُر گیا!

یاحیی یاقیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۰۳۷

سُمندر کے کنارے
نہایت اِحتیاط سے
رہنا پڑتا ہَے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۳۸

شیر کو اپنی طاقت کا
قیامت کو پتہ چلے گا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحي القيوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيم

۱۲۰۳۹

نہ تیغ سے نہ تلوار سے،

جب بھی عدو کو مارا،

ذِکر کی جھنکار سے!

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

# رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

# سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ

# وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

آمین

امروز سعید و مسعود و مُبارک ۲۱ شوال المکرّم

سنہ ۱۴۱۲ ہجری المقدّس

ابوانیس مُحمّد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المہاجر الی اللہ والمتوکّل علی اللہ العظیم،

المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر-ب (دسوھہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان　فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علیٰ سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد
النبی الامی وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وعترتہٖ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضیٰ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو
الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

# قُل

# عِشقُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم

# مَذہَبِی وَحُبُّہٗ مِلَّتِی

# وَطَاعَتُہٗ مَنزِلِی !

---

(یہ کہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا

مذہب محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہٗ

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
اٰمِین اٰمِین یَا رَبَّ الْعٰلَمِینَ ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یاحیّ یا قیوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ خَلْقِکَ وَرِضٰی نَفْسِکَ

وَزِنَةَ عَرْشِکَ وَمِدَادِ کَلِمَاتِکَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

# مکشوفاتِ

# منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

# مقالاتِ حکمت

## دارالاحسان

ابو انیس محمد برکتؒ علی لودھیانوی‘

المقام النّجاف الصّحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان